92 Al-Layl

The Night · Meccan · 21 verses · Para 30

الليل

AL-LAYL (THE NIGHT)

1 I swear by the night when it draws a veil,
قسم ہے رات کی جب (دن پر) چھا جائے،

2 And the day when it shines in brightness,
اور دن کی جب وہ چمک اٹھے،

3 And the creating of the male and the female,
اور اس کی جس نے نر اور مادہ پیدا کیا،

4 Your striving is most surely (directed to) various (ends).
تمہاری کوشش یقینا مختلف ہے۔

5 Then as for him who gives away and guards (against evil),
پس جس نے (راہ خدا میں) مال دیا اور تقویٰ اختیار کیا،

6 And accepts the best,
اور اچھی بات کی تصدیق کی۔

7 We will facilitate for him the easy end.
پس ہم اسے جلد ہی آسانی کے اسباب فراہم کریں گے۔

8 And as for him who is niggardly and considers himself free from need (of Allah),
اور جس نے بخل کیا اور (اللہ سے) بے نیازی برتی،

9 And rejects the best,
اور اچھی بات کو جھٹلایا،

10 We will facilitate for him the difficult end.
پس ہم اسے جلد ہی مشکلات کا سامان فراہم کریں گے۔

11 And his wealth will not avail him when he perishes.
اور جب وہ سقوط کرے گا تو اس کا مال اس وقت اس کے کام نہ آئے گا۔

الليل AL-LAYL (THE NIGHT)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ﴿١﴾ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ﴿٢﴾ وَمَا خَلَقَ
الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰٓى ﴿٣﴾ اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ﴿٤﴾ فَاَمَّا مَنْ
اَعْطٰى وَاتَّقٰى ﴿٥﴾ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ﴿٦﴾ فَسَنُيَسِّرُهٗ
لِلْيُسْرٰى ﴿٧﴾ وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ﴿٨﴾ وَكَذَّبَ
بِالْحُسْنٰى ﴿٩﴾ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ﴿١٠﴾ وَمَا يُغْنِىْ
عَنْهُ مَالُهٗٓ اِذَا تَرَدّٰى ﴿١١﴾

AL-LAYL (THE NIGHT) · CONTINUED

12 Surely Ours is it to show the way,
راستہ دکھانا یقینا ہماری ذمے داری ہے

13 And most surely Ours is the hereafter and the former.
اور دنیا اور آخرت کے یقینا ہم مالک ہیں۔

14 Therefore I warn you of the fire that flames:
پس میں نے تمہیں بھڑکتی آگ سے متنبہ کر دیا۔

15 None shall enter it but the most unhappy,
اس میں سب سے زیادہ شقی شخص ہی تپے گا،

16 Who gives the lie (to the truth) and turns (his) back.
جس نے تکذیب کی اور منہ موڑ لیا ہو۔

17 And away from it shall be kept the one who guards most (against evil),
اور نہایت پرہیزگار کو اس (آگ) سے بچا لیا جائے گا،

18 Who gives away his wealth, purifying himself
جو اپنا مال پاکیزگی کے لیے دیتا ہے۔

19 And no one has with him any boon for which he should be rewarded,
اور اس پر کسی کا احسان نہیں جس کا وہ بدلہ اتارنا چاہتا ہو۔

20 Except the seeking of the pleasure of his Lord, the Most High.
وہ تو اپنے رب اعلیٰ کی رضا جوئی کے لیے ایسا کرتا ہے۔

21 And he shall soon be well-pleased.
اور عنقریب وہ راضی ہو جائے گا۔

الليل AL-LAYL (THE NIGHT) cont.

إِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدَىٰ ﴿١٢﴾ وَإِنَّ لَنَا لَلْآخِرَةَ وَالْأُولَىٰ ﴿١٣﴾
فَأَنذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظَّىٰ ﴿١٤﴾ لَا يَصْلَاهَا إِلَّا الْأَشْقَى ﴿١٥﴾
الَّذِي كَذَّبَ وَتَوَلَّىٰ ﴿١٦﴾ وَسَيُجَنَّبُهَا الْأَتْقَى ﴿١٧﴾ الَّذِي
يُؤْتِي مَالَهُ يَتَزَكَّىٰ ﴿١٨﴾ وَمَا لِأَحَدٍ عِندَهُ مِن نِّعْمَةٍ
تُجْزَىٰ ﴿١٩﴾ إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْأَعْلَىٰ ﴿٢٠﴾ وَلَسَوْفَ
يَرْضَىٰ ﴿٢١﴾